حصولِ معادلہ کا مکمل طریقہ کار

2024ء

مندرجہ ذیل دفاتر سے ترتیب وار کام ہوتا ہے:

1. متعلقہ مدارس سے تمام اصل اسناد اور معادلہ فارم پر تصدیق۔
2. دفتر وفاق ملتان سے تصدیق۔
3. انٹر بورڈ اسلام آباد سے تصدیق۔
4. ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد سے معادلہ سرٹیفکیٹ کا حصول۔

بنیادی شرائط

(نوٹ: سن **2024**ء ومابعد مندرجہ ذیل شرائط کے بغیر آپکے اسناد معادلہ کیلئے قابل قبول نہ ہونگے۔)

1. اگر اسناد اور شناختی کارڈ کے کوائف یکساں نہ ہوں: مثلاً نام، ولدیت، تاریخ پیدائش میں دن، مہینہ، سن اور ضلع میں معمولی فرق بھی نہ ہو
2. ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ اور عالمیہ ان چاروں اسناد میں دو دو سال کا وقفہ لازم ہے۔
3. نئی یا مثنی اصل اسناد پر صدر مدرس یا مہتمم مدرسہ کے دستخط اور مہر مدرسہ ثبت نہ ہو۔

دفتر وفاق ملتان سے تصدیق/مطلوبہ کوائف

1. عامہ تا عالمیہ چار اصل اسناد مع کشف الدرجات اور ان کی دو دو کاپیاں
2. ایچ ای سی کیلئے عامہ تا عالمیہ اسناد و کشف الدرجات کی ایک فوٹو کاپی علیحدہ ارسال کریں۔
3. معادلہ فارم آخری جامعہ سے تصدیق شدہ ہو۔
4. وفاق کی ویب سائٹ سے درخواست فارم برائے تصدیق اُمیدوار پر کریں ۔

(نوٹ...... سکول، کالج، مدرسہ و دیگر کسی قسم کی اسناد فاق کو ہر گز ارسال نہ کریں)

انٹر بورڈ IBCC سے تصدیق/مطلوبہ کوائف

1. عامہ خاصہ کی اصل اسناد۔
2. وفاق کا جاری کردہ بند لفافہ envelop seal pack
3. اُمیدوار اور اسکے والد کی شناختی کارڈ کاپی۔
4. ای میل ایڈریس۔
5. وفاق سے اسناد تصدیق کی تاریخ سے 3 ماہ کے اندر انٹر بورڈ آفس کو جمع کروانا لازم ہے بعد ازاں مسترد تصور ہونگے۔

ہائیر ایجوکیشن کمیشن HEC سے اسناد کے معادلہ کے لیے مطلوبہ کوائف

1. عامہ تا عالمیہ اصل اسناد مع کشف الدرجات۔
2. عامہ تا عالمیہ اسناد کی ایک ایک فوٹو کاپی مع رزلٹ گزٹ۔
3. تصدیق شدہ معادلہ درخواست فارم (وفاق المدارس اور جس جامعہ سے عالمیہ کا امتحان دیا ہو)۔
4. انٹر بورڈ IBCC سے مصدقہ عامہ وخاصہ اسناد کی دونوں طرف سے فوٹو کاپی۔
5. شناختی کارڈ کی نقل اور ایک عدد رنگین پاسپورٹ سائز فوٹو۔
6. معادلہ فارم پر اپنا نام ولدیت اور مکمل ایڈریس انگریزی حروف میں صاف اور واضح لکھیں۔ ایکوئلنسی لیٹر ہر اُمیدوار کو 2 ماہ بعد ایچ ای سی اسلام آباد سے بذریعہ TCS بھجوایا جاتا ہے۔

جن لوگوں کی اسناد کا معادلہ نہیں بن سکتا:

1. فضلاء یا فاضلات جن کی عمر عالمیہ امتحان کے وقت 20 سال سے کم تھی۔
2. جن کی کسی دو اسناد کے درمیان 2 سال کا وقفہ نہ ہو۔
3. جن کے شناختی کارڈ میں تاریخ پیدائش کا دن اور مہینہ درج ہو لیکن اسناد میں صرف سال لکھا ہو تو معادلہ نہیں بنے گا۔
4. شناختی کارڈ اور اسناد کے کوائف یکساں ہونا لازم ہے۔ اگر معمولی فرق بھی ہوگا تو معادلہ نہیں بنے گا۔
5. شناختی کارڈ نہ ہونے یا مدت ختم ہونے کی صورت میں۔

تصدیقات اسناد کے لیے اہم ہدایات

1. چھ سالہ کورس والی فاضلات تحتانی سند کے حصول کے لیے اپنے متعلقہ مدرسہ سے رجوع کریں۔ تحتانی عامہ فارم وفاق کی ویب سائٹ سے حاصل کریں۔
2. نامکمل، غیر مرتب، غیر واضح، بغیر فیس، کم فیس، کٹنگ، اوور رائٹنگ اور ہارڈ کوٹنگ شدہ تمام کاغذات مسترد تصور ہوں گے۔
3. بذریعہ ڈاکخانہ ڈاک واپسی نہ ملنے کی صورت میں **90** یوم کے اندر تحریری طور پر دفتر وفاق کو اطلاع کریں۔
4. درخواست پر اُمیدوار کا نام، ڈاک پتہ، **رقم التسجیل**، تاریخ، ڈائری نمبر اور دیگر تمام تفصیلات لازمی لکھیں۔ مقررہ مدت کے بعد کلیم کا استحقاق نہ ہوگا۔

نوٹ...... تصحیح اسناد و تصدیقات کے بارے میں بذریعہ ٹیلی فون رابطہ کرنے کی بجائے تحریری درخواست بذریعہ ڈاک یا ای میل دفتر وفاق کو بھجوائیں۔ بذریعہ ٹیلیفون کال یا واٹس ایپ کوئی کارروائی نہیں کی جائے۔

★ ★ ★ ★ ★